© rasailojaraid.com



عورت کی ذمہ داریوں کو کتاب میں ذکر کیا گیا ہے۔

## (4) اسلام میں سنت کا قیام

یہ کتاب جو ۴۴ صفحات پر مشتمل ہے مولانا عبدالغفار حسن صاحب کی کتاب " عظمت حدیث " کی تلخیص ہے۔ قیمت 5 روپے ہے۔ بہترین کاغذ اور طباعت بھی بہت نفیس ہے۔

## (5) دین میں غلو

یہ بھی مختصر رسالہ ہے۔ مولانا عبدالغفار حسن صاحب نے اس رسالے میں اختلافی مسائل میں معتدل موقف اختیار کرنے کی تلقین کی ہے۔ انہوں نے واضح کیا ہے کہ غلو فی الدین کس طرح پیدا ہوتا ہے اور اس سے بچاؤ کی کیا صورت ہے۔ مصنف نے اپنے اس رسالے میں بہت سی ایسی مثالیں پیش کی ہیں جو غلو پر مبنی ہیں۔ ان مثالوں سے موضوع کتاب کا مقصد مزید واضح ہو جاتا ہے۔

## (6) قرآن فہمی کے بنیادی اصول

کل صفحات ۳۲ ہیں قیمت ۳ روپے ہے۔ اس میں قرآن مجید کو سمجھنے کے اصول بیان کئے گئے ہیں۔ مصنف لکھتے ہیں کہ قرآن مجید کو سمجھنے کے لئے پورے قرآن مجید پر نگاہ ڈالی جاتی ہے یہ کافی نہیں کہ آپ کہیں سے کوئی آیت لے لیں اور یہ سمجھیں کہ بس ہم نے قرآن مجید کو سمجھ لیا ہے۔ قرآن کے بعض مقامات دیگر مقات کی تفسیر کرتے ہیں۔ فہم قرآن کے لئے سیاق و سباق کا بھی خیال رکھنا بہت ضروری ہے اسی طرح فہم قرآن کے لئے تعامل امت بھی ممد و معاون ہے۔ احادیث سے راہنمائی اخذ کرنا بھی فہم قرآن کے اصولوں میں شامل ہے۔ آثار صحابہ اور عربی زبان کا فہم بھی قرآن مجید کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔ مصنف نے قرآن فہمی کی راہ میں موانع بھی بیان

© rasailojaraid.com